روزنامہ جنگ
03 AUG 2025

اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبلان و لیڈی کانسٹیبلان بطور وائرلیس آپریٹر) مکینک کانسٹیبلان اور ڈرائیور کانسٹیبلان (پنجاب پولیس ٹیلی کمیونیکشن)

ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب میں تعیناتی کے لئے کانسٹیبلان ولیڈی کانسٹیبلان بطور وائرلیس آپریٹرز، مکینک کانسٹیبلان اور ڈرائیور کانسٹیبلان سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر بھرتی کی جارہی ہے، جس کیلئے مندرجہ ذیل اضلاع کے سکونتی امیدواران سے دیئے گئے معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواران کے لئے مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔

نمبر شمار	مندرجات	کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل بطور وائرلیس آپریٹر	کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل بطور مکینک	کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل بطور ڈرائیور
	اہلیت برائے	لاہور، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، گجرات، وزیرآباد، حافظ آباد، راولپنڈی، جہلم، بھمبر، سرگودھا، ملتان، خانیوال، اور رحیم یار خان اضلاع	ضلع لاہور	ضلع لاہور
(1)	عمر	18 تا 22 سال	18 تا 22 سال	21 تا 30 سال
(2)	قد	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(i) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (ii) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
(3)	چھاتی	کم از کم 33"×34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 33"×34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 33"×34"½ (صرف مرد امیدواران کیلئے)
(4)	سکونت	امیدواران کا پنجاب کے متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔		
(5)	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سائنس)/ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ ان الیکٹرونکس/الیکٹریکل/مکینکل کم از کم پچاس فیصد (50%) نمبر		منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ
(6)	دوڑ	(i) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	(ii) برائے خواتین امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	
(7)	تجربہ	---	---	LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سالہ تجربہ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، مکینکل ٹیسٹ اور ہائی کوڈ ٹیسٹ بھی لیا جائے گا۔)

ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ درخواست فارم سمہ تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب، لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) میں مورخہ 11.08.2025 تا 25.08.2025 تک جمع کروائے جاسکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب، لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم، عمر اور تجربہ وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم/درخواست محکمانہ توسط سے اجازت نامہ (NOC) لے کر جمع کروائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ امیدوار نااہل تصور ہوگا۔

کوٹہ: ☆ اقلیتی امیدواران کے لیے پانچ فیصد (05%) کوٹہ مختص ہوگا۔ ☆ خواتین امیدواران کے لیے پندرہ فیصد (15%) کوٹہ مختص ہوگا۔

☆ دس فیصد (10%) سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا۔ اور

- قد، چھاتی تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا سول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔
- عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 22 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔
- وہ اہلکار جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کاروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے وہ درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:- ☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، ڈرائیونگ ٹیسٹ (صرف ڈرائیور کانسٹیبل) تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس فیملی کلیم کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد/ملوث/مطلوب نہ رہے ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کسی مرحلہ پر بھی کریمنل ریکارڈ معلوم ہونے پر امیدوار نااہل تصور ہوگا۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کردی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ ابتدائی طور پر منتخب امیدواران بعد از میڈیکل بورڈ کے روبرو پیش ہونگے اگر بائنڈ امیدوار بھرتی کیلئے نااہل ثابت ہونگے۔

☆ صرف وہ امیدواران جو جسمانی پیمائش کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش دفتر ایس ایس پی ٹیلی کمیونیکیشن، پنجاب، لاہور (قرطبہ لائنز، لاہور) میں منعقد ہوگی۔

☆ اگر کوئی امیدوار ایک سے زیادہ آسامیوں کے لیے کوالیفائی کرے گا تو انٹرویو سے پہلے اس کو کسی ایک آسامی کا انتخاب کرنا ہوگا اور اس سلسلہ میں بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

☆ محکمہ کو یہ اختیار ہوگا کہ یہ بھرتی تمام مراحل مکمل ہونے پر یا کسی بھی مرحلہ پر منسوخ کی جاسکتی ہے اور کسی بھی عدالت یا فورم پر چیلنج نہ کیا جاسکے گی۔

المشتہر:- کیپٹن ریٹائرڈ لیاقت علی ملک، PPM، PSP

ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ II)، سنٹرل پولیس آفس، لاہور

IPL-3893